
ترجمہ: ''اور ہر زندہ چیز کو ہم نے پانی سے پیدا کیا۔'' (القرآن)

# فیصل آباد
# سہ ماہی واسا نیوز

جلد دوم
شمارہ نمبر7

**جولائی تا ستمبر 2016ء**






## القرآن

اور حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ اور سچی بات جان بوجھ کر نہ چھپاؤ۔ (البقرۃ آیہ ۴۲)

## حدیث مبارک

فرض (کی ادائیگی) کے بعد حلال کمائی کی تلاش فرض ہے۔ (بیہقی)

## فرمانِ قائد

کردار، اخلاق، استقلال اور جرأت پر انسانی زندگی کی ساری عمارت کھڑی ہے۔

## فکرِ اقبال

تری فطرت میں ہے ممکنات زندگانی کی
جہاں کے جوہرِ مُضمر کا گویا امتحاں تُو ہے



**سید زاہد عزیز**
مینجنگ ڈائریکٹر واسا / سرپرستِ اعلیٰ



**جبار انور چوہدری**
ایڈیٹر انچیف



سید ہاشم گیلانی ایڈیٹر واسا نیوز فیصل آباد


**ایڈریس**
پوسٹ بکس نمبر 229 فیصل آباد
رابطہ نمبر 041-9210065, 0313-7201020
ای میل editorwasanews@yahoo.com


باعثِ صد افتخار و مسرت ہے کہ واسا فیصل آباد سروسز کی فراہمی اور استعدادِ کار میں مسلسل بہتری کی طرف گامزن ہے۔ واسا فیصل آباد کی باصلاحیت قیادت اور قابلِ تعریف ٹیم ورک کی بدولت اب واسا فیصل آباد کو اپنی نوعیت کے اداروں میں بطور ماڈل دیکھے جانے کی نفسیاتی حد عبور کی جا چکی ہے۔ گورنمنٹ آف پنجاب کی طرف سے مری میں واٹر اینڈ سینی ٹیشن پلان کی تیاری اور نفاذ میں واسا فیصل آباد کی شمولیت اسی صورتحال کے ادراک کی عکاسی ہے۔ اسی طرح صوبہ پنجاب کے دیگر اضلاع جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور رحیم یار خاں وغیرہ میں بھی واسا فیصل آباد کی پیشہ وارانہ صلاحیت سے مدد لی گئی ہے۔

اطمینان بخش صورتِ حال یہ ہے کہ واسا فیصل آباد بیرونی اضلاع میں تکنیکی معاونت کی فراہمی کے ساتھ ساتھ واٹر سپلائی، سیوریج اور ڈرینج کے نظام کی شہر کے نئے ترقیاتی چیلنجز کے مطابق ازسرِ نو تشکیل بھی کر رہا ہے۔ خوش آئند طور پر حکومتِ پنجاب اور غیر ملکی ڈونر اداروں کی طرف سے اس ضمن میں قریباً 30 ارب روپے کی مالی معاونت کی یقین دہانی کروائی گئی ہے جو کہ بلاشبہ واسا فیصل آباد کی کارکردگی اور صلاحیتوں پر اعتماد کا مظہر ہے۔ پہلے مرحلہ میں 40 کروڑ روپے کی لاگت سے جاپان انٹرنیشنل کوآپریٹو ایجنسی (جائیکا) کے تعاون سے بینکاک اور دہلی کے بعد دُنیا کا تیسرا بڑا ماسٹر پلان تیاری کے مراحل میں ہے۔ جسے ڈیڑھ سال کے عرصہ میں مکمل کر لیا جائے گا۔ جائیکا کے 17 ماہرین سمیت واسا فیصل آباد کے 30 افسران ماسٹر پلان کی تکمیل کے لئے سرگرمِ عمل ہیں۔

واٹر سپلائی، سیوریج اور ڈرینج کے انفراسٹرکچر کی بحالی و تعمیر نو کے لئے واسا فیصل آباد بین الاقوامی اداروں کا فوکس پوائنٹ بن چکا ہے۔ ورلڈ بنک کے واٹر اینڈ سینی ٹیشن پروگرام کے تحت واٹر ڈسٹری بیوشن اور واٹر میٹرز کا نظام متعارف کروایا جا چکا ہے۔ واسا کے تمام ڈسپوزل اسٹیشن جی پی ایس کے ذریعے کنٹرول کئے جا رہے ہیں اور اس سارے نظام کو مرکزی کنٹرول روم واسا ہیڈ کوارٹر سے مانیٹر کیا جاتا ہے۔

فرنچ گورنمنٹ کے تعاون سے شہر کے مشرقی حصہ کو پانی کی ترسیل کے لئے واٹر سپلائی پراجیکٹ فیز II کی پیپر ورک تیاری مکمل ہے۔ مستقبل قریب میں اس منصوبے کی بدولت شہر میں صاف پانی کی فراہمی کا شارٹ فال ختم ہو جائے گا۔ مزید برآں 1269 ایکڑ اراضی پر ویسٹ واٹر پلانٹس کی تنصیب، بارشی پانی کے نکاس کے لئے سمارٹ ڈرین نظام اور اس جیسے دیگر منصوبہ جات سے محکمانہ سروسز بہتر ہوتی چلی جائیں گی۔

بصد فخر و انبساط یہ بات کہنے میں کوئی عار نہیں کہ واسا فیصل آباد بطور ادارہ نہ صرف اپنی جملہ ذمہ داریاں بحسن و خوبی ادا کر رہا ہے بلکہ وزیرِ اعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف کی ویژن کے مطابق فیصل آباد کی تعمیر و ترقی، عوامی فلاح و بہبود اور ریلیف کے جامع ترقیاتی ایجنڈے پر بھی عمل پیرا ہے۔

بطور مینجنگ ڈائریکٹر ادارہ ہٰذا فیصل آباد شہر کو ترقی کے عالمی معیار تک لے جانے کے اہداف حاصل کرنا میرا عزم ہے اور انشاء اللہ مقامی سیاسی اور انتظامی قیادت کی مشاورت اور واسا ملازمین کی معاونت سے شہری ترقی و خوشحالی کا خواب جلد شرمندۂ تعبیر کر لیا جائے گا۔

**مینجنگ ڈائریکٹر واسا فیصل آباد**







# واٹر اینڈ سینی ٹیشن سیمینار برائے فیصل آباد ڈویژن

کمشنر فیصل آباد ڈویژن فیصل آباد جناب مومن علی آغا کی خصوصی ہدایت پر واسا فیصل آباد اور زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے باہمی اشتراک سے فیصل آباد ڈویژن کے لئے واٹر اینڈ سینی ٹیشن سیمینار منعقد کیا گیا۔ جس میں صوبائی وزیر ہاؤسنگ اربن ڈویلپمنٹ و پبلک ہیلتھ انجینئرنگ تنویر اسلم ملک مہمانِ خصوصی تھے۔ اس سیمینار میں فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور چنیوٹ کے ڈسٹرکٹ کوارڈی نیشن آفیسرز نے فراہمی و نکاسی آب کے بارے میں اپنے اپنے اضلاع کے متعلق بریفنگ دی۔ مینجنگ ڈائریکٹر واسا سید زاہد عزیز نے فیصل آباد ڈویژن کے لئے پانی و سیوریج کے مسائل کے حل پر قابلِ عمل طریقوں اور درکار ضروری مشینری کے بارے میں آگاہی دی۔ ڈائریکٹر آئی اینڈ سی واسا جبار انور چوہدری نے کمپیئرنگ کے فرائض انجام دیئے۔ سیمینار کے اختتام پر صوبائی وزیر ہاؤسنگ اربن ڈویلپمنٹ و پبلک ہیلتھ انجینئرنگ تنویر اسلم ملک کے دستِ مبارک سے انٹرنیشنل ڈونر ایجنسیوں کے اراکین کو خصوصی یادگاری سووینیئر پیش کئے گئے۔



















# فیصل آباد شہر کی ماسٹر پلاننگ

فیصل آباد 32 لاکھ سے زائد آبادی کے ساتھ پاکستان کا تیسرا بڑا شہر ہے۔ قریباً 6 ارب ڈالر سالانہ کی ایکسپورٹ کی ساتھ ٹیکسٹائل انڈسٹری میں فیصل آباد کا پوری دُنیا میں منفرد مقام ہے۔ فیصل آباد میں زمینی پانی بوجوہ کھارا ہو چکا ہے جب کہ انڈسٹریل حب ہونے کے ناطے آئے دن شہر کی آبادی میں اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ چنانچہ شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور نکاسی آب کی سہولتوں کی طلب بھی اسی تناسب سے روز بروز بڑھتی جا رہی ہے۔ واسا فیصل آباد، شہر سے 35 کلومیٹر دور نصب شدہ ٹیوب ویلوں اور رکھ برانچ نہر کے پانی کو صاف کر کے شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کرنے کی کوشش میں مصروفِ عمل ہے۔

فیصل آباد کی جغرافیائی سطح ہموار ہے، جس بناء پر سیوریج کی نکاسی کے لئے شہر بھر میں مختلف مقامات پر باقاعدہ لفٹ اسٹیشنز قائم ہیں جہاں سے پمپوں کی مدد سے سیوریج کو شہر سے باہر پمپ آؤٹ کیا جاتا ہے۔ اسی طرح بارشی پانی کے نکاس کے لئے شہر میں تقریباً 62 کلومیٹر لمبائی پر محیط ڈرینیں تعمیر کی گئی ہیں۔ فیصل آباد شہر کو مذکورہ بالا سہولیات کی بہتر اور منظم فراہمی کے خدوخال واضح کرنے کے لئے 1975 میں ایشیائی ترقیاتی بنک کی مالی معاونت سے 25 سالہ ماسٹر پلان تیار کیا گیا تھا، جسے بعد ازاں شہری حدود کے پھیلاؤ اور آبادی میں اضافے اور وقت کے تقاضوں سے موافق کرنے کے لئے واسا فیصل آباد نے 1993 میں اپ ڈیٹ کیا۔

اس آخری نظر ثانی کے بعد اب تک شہری تعمیرات، حدود اور صارفین کی تعداد میں اضافے کی وجہ سے حالات متقاضی تھے کہ پینے کے صاف پانی کے مزید ذرائع تلاش کئے جائیں نیز نکاسی آب کے نیٹ ورک اور صلاحیت کی استعدادِ کار میں خاطر خواہ اضافہ کیا جائے تاکہ نہ صرف شہر کو اس وقتی سہولیات کی فراہمی کے تقاضوں سے عہدہ برآ ہوا جا سکے بلکہ مستقبل میں بھی یہ سسٹم کماحقہٗ ضروریات پوری کرتا رہے۔

اس سلسلے میں واسا فیصل آباد کی طرف سے جائیکا جاپان کو مالی اور تکنیکی امداد فراہم کرتے ہوئے معاونت کی دعوت دی گئی۔ جس پر جائیکا جاپان نے اپنی آمادگی ظاہر کرتے ہوئے سال 17-2016 سے نئے ماسٹر پلان کی تیاری شروع کی ہے جو کہ 400 ملین روپے کی لاگت سے 2018ء تک تکمیل کو پہنچے گی۔ اس نئے ماسٹر پلان کی تیاری سے فیصل آباد شہر کے لئے درجہ ذیل شعبہ جات میں فراہمی خدمات کا دائرہ کار بڑھایا جائے گا:

(۱) فراہمی آب (۲) نکاسی آب (۳) بارشی پانی کا نکاس

واسا فیصل آباد نے جائیکا جاپان کے اشتراک اور مالی و تکنیکی معاونت سے شہر بھر کے لئے اس ماسٹر پلان کے بنیادی خدوخال وضع کر لئے ہیں۔ فراہمی و نکاسی آب اور بارشی پانی کے نکاس کے میدان میں تعاون اور استعداد کار میں اضافہ کے لئے تشکیل دیئے گئے معاہدے پر واسا فیصل آباد، حکومتِ پنجاب اور جائیکا جاپان کے نمائندوں کی طرف سے دستخط کئے جا چکے ہیں اور جائیکا ماہرین نے جولائی 2016ء سے کام کا آغاز کر دیا ہے۔ یہ پراجیکٹ واسا فیصل آباد کو اپنی ساخت، ہیئت اور استعدادِ کار میں مزید بہتری اور عصرِ حاضر سے ہم آہنگ خدمات کی فراہمی میں معاون ہوگا اور یقیناً واسا فیصل آباد اپنی نوعیت کے دیگر اداروں سے بڑھ کر امتیازی حیثیت میں اپنے پیشہ ورانہ امور سر انجام دے سکے گا۔

ماسٹر پلان کی تیاری کے حوالے سے مختلف فورم پر ابتدائی میٹنگ کا انعقاد ہو چکا ہے۔ جن میں ٹیکنکل کمیٹی کی میٹنگ مینجنگ ڈائریکٹر واسا سید زاہد عزیز کی سربراہی میں مورخہ 26 جولائی 2016ء کو منعقد ہوئی بعد ازاں سیکریٹری پی اینڈ ڈی، گورنمنٹ آف پنجاب کی سربراہی میں جوائنٹ کوارڈینیشن کمیٹی کی میٹنگ مورخہ 22 اگست 2016ء کو لاہور میں منعقد ہوئی جس میں جائیکا ماہرین کی طرف سے پیش کردہ Inception Report کی منظوری دی جا چکی ہے۔ علاوہ ازیں رفتارِ کار کے 17 ہفتہ واری جائزہ اجلاس بھی منعقد ہو چکے ہیں۔ ماسٹر پلان کے اس پہلے مرحلہ میں دسمبر 2016ء تک ڈیٹا/معلومات اکٹھی کی جائیں گی اور اس بابت رپورٹ جنوری 2017ء میں پیش کی جائے گی۔

# واسا اور زرعی یونیورسٹی کی مفاہمتی یادداشت

واسا فیصل آباد اور زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے مابین ہونے والی مفاہمت کی یادداشت (MOU) کے حوالے سے واسا اور زرعی یونیورسٹی کے ورکنگ گروپ کا اجلاس واسا کمیٹی روم میں ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر (انجینئرنگ) محمد خالد کی سربراہی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں واسا کی طرف سے ڈائریکٹر آئی اینڈ سی واسا جبار انور چوہدری، ڈائریکٹر پی اینڈ ڈی عدنان نثار، سینئر ریسرچ آفیسر واسا لیب میڈم فرحت ادیبہ، ڈپٹی ڈائریکٹر انتظامیہ عبدالرؤف بٹ اور زرعی یونیورسٹی کی طرف سے ڈاکٹر صفدر بشیر اور ڈاکٹر حامد صاحبان نے شرکت کی۔ اجلاس میں واسا اور زرعی یونیورسٹی کے درمیان معلومات کی باہمی آگہی، واٹر، ویسٹ واٹر کوالٹی پر ریسرچ، Wetland ٹیکنالوجی کے ذریعے ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ اور ویسٹ واٹر کے زمینی پانی پر اثرات کے حوالے سے مشترکہ تحقیقی منصوبے شروع کرنے پر بات چیت کی گئی۔ نیز واسا اور ایگریکلچر یونیورسٹی کے ماہرین کے اشتراک سے واسا لیبارٹری اپ گریڈیشن، سٹوڈنٹس ایکسچینج سرگرمیوں کے لئے ڈیٹا جنریشن، واٹر کوالٹی پیرامیٹرز، واٹر ٹریٹمنٹ ٹیکنالوجی کا مظاہرہ، سٹوڈنٹس سپورٹ ریسرچ کے لئے دونوں ادارے بھرپور تعاون کے حوالے سے بھی دونوں اداروں کے ماہرین نے اپنی اپنی رائے کا اظہار کیا۔ اجلاس میں خصوصی طور پر ویسٹ واٹر کو ٹریٹ کر کے کاشتکاری کے مقاصد کے لئے استعمال کرنے پر غور و خوض کیا گیا نیز اس بات کا بھی جائزہ لیا گیا کہ پینے کے پانی میں آرسینک کی مقدار اور دوسرے مضرِ صحت عوامل جانچنے، بارشی پانی کے ذریعے زیرِ زمین پانی کو ریچارج کرنے کے لئے کون سے اقدامات بروئے کار لائے جاسکتے ہیں۔

اجلاس کے مشترکہ اعلامیہ کے مطابق زرعی یونیورسٹی فیصل آباد واسا سٹاف کی صلاحیتوں میں اضافے کے لئے اپنے متعلقہ شعبہ جات میں ٹریننگ کی سہولت فراہم کرے گی، واسا لیب کو ٹیکنیکل اور سائنٹفک بنیادوں پر اپ گریڈ کرنے میں مدد دے گی۔ واسا فیصل آباد یونیورسٹی کے ایم ایس سی اور پی ایچ ڈی سٹوڈنٹس کو ویسٹ واٹر اور انڈسٹریل ایفلوئنٹ پر ریسرچ کی سہولیات فراہم کرے گا۔ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد باہمی معاہدہ کے دوران واسا کے تین افسروں کو پی ایچ ڈی کے لئے بلا معاوضہ سہولت فراہم کرے گی نیز انڈسٹریل ویسٹ واٹر کو جدید Wetland ٹیکنالوجی کی مدد سے ٹریٹ کر کے کاشتکاری کے قابل بنانے میں بھی مدد فراہم کرے گی۔

# پانی

احمد شہباز خاورؔ

اک سلسلہ ہے فیض کا اور سلسبیل ہے
پانی عطائے نعمتِ ربِ جلیل ہے

رشتہ اٹوٹ پانی کا ہر انس و جاں سے ہے
اس کا ضیاع دشمنی آئیندگاں سے ہے

مضمر اسی میں سب کی بقا کا سوال ہے
اس کے بغیر سانس بھی لینا محال ہے

پانی کی قدر کیجئے ضائع نہ کیجئے
کچھ تو ثبوت فہم و فراست کا دیجئے

ہے قطرہ قطرہ قیمتی انسان کے لئے
کیجیے خدا کا شکر اس احسان کے لئے

سوچیں ذرا کہ لوگ جو محرومِ آب ہیں
کن کلفتوں میں زندہ ہیں کیا کیا عذاب ہیں

یہ مسئلہ ہے سب سے بڑا اہم مسئلہ
درپیش ہر کسی کو ہے یہ سخت مرحلہ

پانی ہی ہر بقا کی نشانی ہے بے گماں
پانی ہی زندگی کی روانی ہے بے گماں

واسا شبانہ روز جو مصروفِ کار ہے
بل دیجئے کہ اس پہ سب دار و مدار ہے




سندھ اربن سروسز کوآپریٹو، واٹرایڈ کے 32 رکنی وفد نے واسا فیصل آباد کا تین روزہ مطالعاتی دورہ کیا۔ ڈائریکٹر آئی اینڈ سی واسا جبار انور چوہدری نے وفد کا استقبال کیا اور واسا کی طرف سے حال ہی میں مکمل شدہ، زیرِ تکمیل اور مستقبل کے منصوبہ جات، اقدامات اور ترجیحات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بعدازاں وفد کے اراکین کو واسا کے بڑے انفراسٹرکچر کا دورہ بھی کروایا گیا۔ اس دوران فرنچ فنڈڈ پراجیکٹ، ٹرمینل ریز روائر، واسا پارکنگ یارڈ، ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ چکیرہ اور واسا کی طرف سے لگائے گئے بوٹل فلنگ پلانٹ میں مہمان وفد اراکین نے خاصی دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔ وفد کے اراکین کی جانب سے مینجنگ ڈائریکٹر واسا سید زاہد عزیز سے ملاقات کے دوران، انہیں علاقائی ثقافت کی مظہر سندھی ٹوپی کا خصوصی تحفہ پیش کیا گیا۔





VC اور MD واسا و دیگر افسران ٹرمینل ریزوائر پر پودا لگانے کے بعد دعا مانگتے ہوئے



جائیکا ایکسپرٹس منیجنگ ڈائریکٹر واسا کے ہمراہ بارش کے بعد نشیبی علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے





زرعی یونیورسٹی نمائندگان کے ساتھ ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر (انجینئرنگ) واسا MOU کے حوالے سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے



منیجنگ ڈائریکٹر واسا ریٹائرمنٹ کے موقع پر چوکیدار مختار کو چیک دے رہے ہیں



چوہدری غلام علی ڈائریکٹر WWM ریٹائر ہونے والے ملازمین کے ساتھ



مدینہ ہسپتال فیصل آباد کی طالبات چکیرہ ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کے مطالعاتی دورہ پر

Certified by

Pakistan Standards

Trade Mark
No: 397803

# واسا واٹر

## پینے کا محفوظ پانی

WATER AND SANITATION AGENCY - FAISALABAD

W A S A





پانی کے بغیر زندگی کا تصور ممکن نہیں۔ اس کرۂ ارض کا تین چوتھائی حصہ پانی پر مشتمل ہے لیکن اس میں صرف 3% پانی پینے کے قابل ہے اور اس میں سے بھی صرف 1% پانی پینے کے لئے دستیاب ہے۔ بقیہ گلیشیئرز کی صورت میں پہاڑوں میں منجمد ہے۔ اگر یہی پانی آلودہ ہوجائے تو بیماریوں کا پیش خیمہ بن جاتا ہے۔ 90% بیماریاں ناقص پانی کی بدولت جنم لیتی ہیں۔

فیصل آباد کا زیرِ زمین پانی کھارا ہے، جس کے استعمال سے شہریوں کو پیٹ کی بیماریوں اور صحتِ عامہ کے دیگر مسائل کا سامنا ہے۔ مقامی طور پر یہاں جو Reverse Osmosis (RO) پلانٹس لگے ہوئے ہیں اُن کا معیار ناقص اور کوالٹی سٹینڈرڈ کے مطابق نہیں۔ چند اچھی کمپنیاں بھی مارکیٹ میں منرل واٹر سپلائی کر رہی ہیں مگر ان کی قیمتیں 70% عوام کی پہنچ سے باہر ہیں۔

الحمدللہ واسا فیصل آباد کو یہ اعزاز حاصل ہوا ہے کہ اس نے گورنمنٹ سیکٹر میں پہلا قدم اُٹھاتے ہوئے عوام کو ارزاں قیمت پر ہر قسم کی طبعی، کیمیائی اور جراثیمی آلودگی سے پاک پانی کی فراہمی شروع کی ہے جس کے لئے دریائے چناب کی پرانی گزرگاہ میں جدید ٹیکنالوجی پر مشتمل پلانٹ لگایا ہے۔ 19 لیٹر فلٹر شدہ پانی کی بوتل کی قیمت صرف -/50 روپے جب کہ ہوم ڈیلیوری -/70 روپے ہے۔

واسا واٹر پاکستان سٹینڈرڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA) سے باقاعدہ لائسنس یافتہ اور NIBGE لیبارٹریز سے ٹسٹ شدہ ہے۔




**MINERAL CONTENTS (mg/L)**

| | | | |
|---|---|---|---|
| Magnesium | = 10 | Calcium | = 40 |
| Potassium | = 2.5 | Sodium | = 15 |
| Sulphate | = 30 | Chloride | = 30 |
| PH | = 7.3 | TDS | = 100 |
| Turbidity | = 0 NTU | | |

**NUTRITIONAL CONTENTS:**
Amount Per Serving Contains:

| | | | |
|---|---|---|---|
| Calories | = 0% | Total Fat 0g | = 0% |
| Sodium | = 0% | Total Carb. 0g | = 0% |
| Sugar | = 0% | Protein 0g | = 0% |

مزید معلومات اور شکایات کے لئے

واسا کے ٹال فری نمبر 1334 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## واٹر اینڈ سینی ٹیشن ایجنسی
## (واسا) فیصل آباد